ICI PAKISTAN LTD.

# ہمقدم

آئی سی آئی پبلی کیشن کا سہ ماہی جریدہ

جلد نمبر ۵ شمارہ نمبر ۴ اکتوبر تا دسمبر ۲۰۱۵

A Part of YBG






# امریکی قونصلر جنرل کا دورہ آئی سی آئی ہیڈ آفس




امریکی قونصلر جنرل برائن ہیتھ نے ماہ اکتوبر میں اپنی ٹیم کے ہمراہ آئی سی آئی پاکستان کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ چیف ایگزیکٹو آئی سی آئی پاکستان نے کمپنی کی سینئر مینجمنٹ ٹیم کے ہمراہ امریکی قونصلر جنرل اور ان کی ٹیم کا استقبال کیا اور انہیں کیمیکلز پلانٹ اور نیوٹریسکلز پلانٹ کا دورہ کرایا جہاں انہوں نے پروڈکٹس کی تیاری کے مختلف مراحل دیکھے ۔ کیمیکلز پلانٹ کے دورے کے موقع پر امریکی قونصلر جنرل کو خاص طور سے سیفٹی اور پلانٹ کے سیفٹی کے ریکارڈ کے بارے میں بتایا گیا۔جس کے بعد انہیں نیوٹریسکلز پلانٹ کا بھی دورہ کرایا گیا۔

برائن ہیتھ اور ان کی ٹیم کے اعزاز میں ظہرانے کا بندوبست کیا گیا تھا جس میں آئی سی آئی پاکستان کی سینئر مینجمنٹ ٹیم نے بھی شرکت کی۔ برائن ہیتھ اور ان کی ٹیم نے ہیڈ آفس میں سینئر مینجمنٹ کے ساتھ میٹنگ میں شرکت کی اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔



امریکن قونصلر جنرل نے اپنے دورہ ہیڈ آفس کے بارے میں مہمانوں کی کتاب میں اپنے تاثرات کا کچھ اس طرح اظہار کیا۔ ’’میں آئی سی آئی پاکستان کی سنہری تاریخ کے بارے میں جان کر بہت خوش ہوا ہوں۔ آج میرا آئی سی آئی پاکستان ہیڈ آفس کا دورہ ایک یادگار دورہ تھا۔ آئی سی آئی پاکستان کی سیفٹی اور سماجی بہبود کے لیے جاری کوشش قابل تحسین ہیں‘‘۔ برائن ہیتھ



# اداریہ

ہمقدم کا نیا شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ سال 2015 کی آخری سہ ماہی میں ہم نے بہت کچھ نیا کیا ہے جو کہ آپ اس شمارے میں پڑھیں گے۔

ہمارے کچھ ساتھی اس سہ ماہی کے آخر میں کمپنی کے ساتھ ایک طویل مدت گزار کر ریٹائر ہو گئے اور ہمارے پولیسٹر اور سوڈا ایش کے ساتھیوں نے انہیں بڑی گرمجوشی سے رخصت کیا۔ ان کے اعزاز میں تقریبات منعقد کیں جن میں کمپنی کی ترقی میں ان کے کردار پر روشنی ڈالی گئی اور انہیں خراج تحسین پیش کیا۔

اس کے ساتھ ساتھ ہمارے لائف سائنسز کی سپورٹ فنکشنز کی ٹیم نے ایس او ایس چلڈرن ولیج کے بچوں کے ساتھ ایک یادگار سہ پہر گزاری جس میں انہیں بے کار چیزوں کو کار آمد بنانا سکھایا۔

نیا سال شروع ہو چکا ہے۔ ہماری دعا ہے کہ یہ سال ہمارے ملک کے لیے کمپنی کے لیے اور ہم سب کے لیے خوش آئین ثابت ہو۔ آپ کی آراء اور تجاویز کا ہمیشہ کی طرح انتظار رہے گا۔ اپنا اور اپنے ادرگرد رہنے والوں کا ہمیشہ خیال رکھیں کہ اوپر والا آپ کا خیال رکھتا ہے۔

ایڈیٹر۔عبدالغنی

ہمقدم ایک سہ ماہی رسالہ ہے جو کہ آئی سی آئی پاکستان کے اسٹاف کے لیے شائع کیا جاتا ہے۔

برائے رابطہ
ایڈیٹر ہمقدم

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ
5۔ ویسٹ وہارف ۔ کراچی

فون: 0300-8238751
021-3231-4646

ای میل: abdul.ghani@ici.com.pk

# کارپوریٹ بریفنگ تجزیہ کاروں سے ملاقات

آئی سی آئی پاکستان کی جانب سے محمد عابد گناترا، چیف فنانشل آفیسر نے ماہ اکتوبر میں اسٹاک ایکسچینج میں تجزیہ کاروں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ ایک نشست میں کمپنی کی کارکردگی، توسیعی منصوبوں پر پیش رفت اور مستقبل کی منصوبہ بندی کے بارے میں اعتماد میں لیا۔

یہ نشست کراچی اسٹاک ایکسچینج کے آڈیٹوریم میں رکھی گئی تھی جس میں انڈسٹری کے تجزیہ کاروں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز نے بھرپور شرکت کی۔

تجزیہ کاروں نے نشست کے آخر میں سوال و جواب بھی کیے جن کے تسلی بخش جواب بھی دیئے گئے۔

















سیکھیں اور سکھائیں

# بے کار اشیاء کا بہترین استعمال

سسٹینیبلٹی








ہم آئے دن بہت ساری اشیاء کو بے کار جان کر پھینک دیتے ہیں۔کبھی ہم نے سوچا ہی نہیں کہ ان کو دوبارہ استعمال کے قابل بنایا جا سکتا ہے۔ یونیورسل چلڈرن ڈے (بچوں کا عالمی دن) دنیا بھر میں ہر سال 20 نومبر کو منایا جاتا ہے۔اس سال ہمارے لائف سائنسز بزنس کے رضا کاروں نے سوچا کہ یہ دن ایس او ایس ویلیج کراچی کے بچوں کے ساتھ منانا چاہیئے اور اس طرح سے منانا چاہیئے کہ ان کے لیے یہ ایک یادگار دن بن جائے۔

چنانچہ طے کیا گیا کہ ان بچوں کی توجہ روزمرہ کے استعمال میں آنے والی ان چیزوں کی جانب دلائی جائے جن کو بعد میں ناکارہ قرار دیکر کوڑے دان میں پھینک دیا جاتا ہے انہیں کس طرح سے کارآمد اور دوبارہ استعمال کے قابل بنایا جا سکتا ہے۔

ہمارے لائف سائنسز بزنس کے 40 سے زیادہ رضا کار ایس او ایس ویلیج پہنچ گئے اور 16 گھروں میں موجود بچوں کے ساتھ گھل مل گئے اور انہیں مختلف اشیاء کے استعمال سے سجاوٹ اور استعمال کی چیزیں بنانے میں مدد دینے لگے۔مثلاً A4 پیپر کے ڈبے سے ڈسٹ بن، ٹوائلٹ رول سے پین ہولڈر اور پانی / کولڈ ڈرنک کی خالی بوتل سے لیمپ یا بلب کا شیڈ وغیرہ۔ بچوں نے بڑے جوش وخروش سے اس سرگرمی میں حصہ لیا اور ایک سے بڑھ کر ایک چیز بنا ڈالی۔

بچوں کی بنائی ہوئی تمام اشاء کو آخر میں ایس او ایس کے آڈیٹوریم میں رکھا گیا۔اس موقع پر بچوں کا کہنا تھا کہ آج ہم نے سیکھا کہ کوئی چیز ناکارہ نہیں ہوتی اس کو دوبارہ استعمال کے قابل بنایا جا سکتا ہے۔ایک اور بچے کا تبصرہ تھا کہ اب میں کسی بھی چیز کو ناکارہ قرار دیکر پھینکنے سے پہلے ایک مرتبہ ضرور سوچوں گا کہ اس کو کیسے دوبارہ استعمال کے قابل بنایا جا سکتا ہے۔مجموعی طور پر بچوں کا کہنا



سسٹینیبلیٹی














تھا کہ آج ہم نے ایک نئی چیز یہ سیکھی کہ بے کار اشیاء کو کیسے کار آمد بنایا جا سکتا ہے۔

تقریب کے آخر میں لائف سائنسز کے وائس پریذیڈنٹ سمیع کشمیری نے ایس او ایس انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے ہمیں یہ موقع فراہم کیا کہ ہم ان بچوں کو کچھ سکھا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے بزنس کا ویژن ’’ہم زندگیاں بہتر کرتے ہیں‘‘ ہے اور آج کی یہ کاوش اس ویژن کے مطابق ہی ہے۔ ایس او ایس کے بچوں نے کمال کے فن کا مظاہرہ کیا ہے اور ہر ایک نے ایک سے بڑھ ایک چیز نہایت خوبصورت انداز سے بنائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم آئندہ بھی ایس او ایس ولیج آئیں گے اور ان بچوں کے ساتھ کچھ وقت گزاریں گے۔




















# لیڈیز ویلفیئر سینٹر کی نئی عمارت کا افتتاح

کھیوڑہ کا شمار صوبہ پنجاب کے دور دراز علاقوں میں ہوتا ہے۔ لیکن اپنی معدنیات کی وجہ سے پاکستان کی معاشی ترقی میں نہایت اہم مقام رکھتا ہے۔ کھیوڑہ کی وجہ شہرت یہاں پائی جانے والی نمک کی وہ کانیں ہیں جن سے 1944 سے نمک نکالا جا رہا ہے۔ ان نمک کی کانوں کا شمار دنیا کی دوسری بڑی نمک کی کانوں میں ہوتا ہے۔

آئی سی آئی پاکستان نے 1944 میں کھیوڑہ میں اپنا سوڈا ایش کا پلانٹ لگایا اور اس وقت سے کمپنی اور علاقے کی آبادی کا ساتھ ہے جس طرح سے آئی سی آئی پاکستان کے سوڈا ایش کے پلانٹ نے ترقی کی اور 20,000 ٹن سے آج 350,000 ٹن سالانہ کی پیداوار دے رہا ہے اس طرح سے علاقے کے معاشی حالات بھی بدلتے گئے۔ کمپنی نے علاقے کے لوگوں کے لیے کئی فلاحی منصوبے شروع کیے۔ ان ہی میں سے ایک لیڈیز ویلفیئر سینٹر کے قیام کا منصوبہ بھی ہے جو کہ 1970 میں شروع کیا گیا۔

لیڈیز ویلفیئر سینٹر کے قیام کا مقصد یہ تھا کہ علاقے کی بچیوں اور خواتین کو سلائی، کڑھائی اور کھانا پکانے کی تربیت دی جائے تا کہ وہ یہاں پر ہنر سیکھ کر اپنے لیے گھر بیٹھے روزگار کا بندوبست کر سکیں اور بڑھتی ہوئی مہنگائی کا مقابلہ کر سکیں۔ اب تک اس سینٹر سے تقریباً 1200 طالبات کامیاب ہو کر اپنی عملی زندگی میں یہاں پر سکھائے ہوئے فن سے فائدہ اٹھا رہی ہیں۔

علاقے کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے کمپنی نے طے کیا کہ اس سینٹر کے لیے ایک باقاعدہ عمارت تعمیر کی جائے جس میں زیادہ سے زیادہ لڑکیاں اور علاقے کی خواتین سلائی، کڑھائی اور دیگر فنون سیکھ سکیں، چنانچہ تقریباً 7000 اسکوائر فٹ کے رقبے پر محیط ایک نئے لیڈیز ویلفیئر سینٹر کی عمارت تعمیر کی گئی جس کا افتتاح 17 نومبر 2015 کو آئی سی آئی پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آصف جمعہ نے اپنی تمام مینجمنٹ ٹیم کے ہمراہ کیا۔

نئی عمارت کے افتتاح کے موقع پر لیڈیز ویلفیئر سینٹر کی تمام طالبات اور ٹیچرز بھی موجود تھیں۔ افتتاحی تقریب کے بعد تمام مینجمنٹ ٹیم نے نئی عمارت کا دورہ بھی کیا۔ اس موقع پر لیڈیز ویلفیئر سینٹر کی جانب سے تمام مینجمنٹ ٹیم کو بلو پرل کا یادگاری اسٹینڈ بھی دیا گیا جس پر سینٹر کے افتتاح کے حوالے سے تحریر تھی۔

نئی عمارت کی تعمیر اور افتتاح کے موقع پر سینٹر کی طالبات اور اساتذہ کی خوشی دیدنی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ اب ہم مزید بہتر طریقے سے سیکھ بھی سکھیں گے اور سکھا بھی سکیں گے۔

امید ہے کہ لیڈیز ویلفیئر سینٹر آنے والے دنوں میں کھیوڑہ کی خواتین اور بچیوں کی فنی صلاحیتیں ابھارنے میں نہایت اہم کردار ادا کرے گا۔





























# تعارف

## وقار اے ملک



میرا نام وقار اے ملک ہے۔ میرے والد صاحب آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش کے الیکٹریکل انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ میں عرصہ 28 سال سے منسلک ہیں۔ میں نے میٹرک پی ایم ڈی سی اسکول کھیوڑہ سے کیا۔ ایف ایس سی البیرونی کالج پنڈدادنخان سے کی۔ ایف ایس سی مکمل کرنے کے بعد گریجویشن کے لیے کامیٹس انفارمیشن ٹیکنالوجی واہ کینٹ میں داخلہ لیا۔ اور وہاں سے بی بی اے آنرز کی ڈگری حاصل کی۔ ڈگری مکمل ہونے کے بعد میں نے زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ میں بطور ریلیشنز شپ آفیسر ملازمت اختیار کی۔ ایک دن مجھے پھر سے خیال آیا کہ مزید تعلیم ہی ہے۔ جو انسان کو دوسروں سے منفرد کرتی ہے اور ترقی کا باعث بنتی ہے۔ میں نے پھر سے کامٹیس یونیورسٹی اسلام آباد میں ایم ایس پروجیکٹ مینجمنٹ کے لیے داخلہ لیا اور وہاں سے عرصہ دو سال میں اپنی تعلیم مکمل کی۔ یکم دسمبر 2015 کو اسلام آباد میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے صدر جناب ممنون حسین صاحب کی زیرصدارت وفاقی وزیر رانا تنویر الحسن صاحب، منسٹری آف سائنس ٹیکنالوجی سے (MS) کی ڈگری حاصل کی۔ اپنی تعلیم کے دوران وزیراعظم پاکستان جناب محمد نواز شریف صاحب اور ان کی صاحبزادی مریم نواز صاحبہ سے لیپ ٹاپ اور نقد انعام وصول کیا۔

کامیٹس یونیورسٹی پاکستان کی ٹاپ ٹین یونیورسٹی میں ایک ہے۔ وہاں کے اساتذہ اپنے اسٹوڈنٹس پر بہت توجہ اور محنت کرتے ہیں اور ہر طرح کا خیال رکھتے ہیں۔ میں اپنی MS کی انچارج مسز غزالہ امین کا تہہ دل سے مشکور ہوں۔ جنہوں نے مجھے ہر لمحہ سپورٹ کی۔ میں اپنی فیملی اور دوستوں کا بھی شکرگزار ہوں جنہوں نے ہر لمحہ مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھا۔ حال ہی میں نے آئی سی آئی سوڈا ایش کے نئے پراجیکٹ CFB کی پرائیویٹ کمپنی فالکن انٹرنیشنل کمپنی میں بطور پلاننگ آفیسر اپنے کیریئر کا آغاز کیا ہے۔ میرا پیغام تمام اسٹوڈنٹس کے لیے یہ ہے کہ مسلسل محنت اور لگن ہی سے انسان اپنے مقصد میں کامیاب ہوسکتا ہے۔


ہم جناب ملک محمد امیر رپورٹر ہمقدم کو ان کے بیٹے کی تعلیم مکمل ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

## محمد نعمان علی



میرا نام محمد نعمان علی ہے۔ میں آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش میں بوائلر اٹینڈنٹ کام کر رہا ہوں۔ میرے والد صاحب نے آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش میں 34 سال سروس کی اور دوران سروس ہی ان کی وفات ہوگئی۔ میں نے 14 اپریل 2010 کو بطور Apprentice کام شروع کیا اور یکم جنوری 2012 کو بطور Plant operator سروس شروع کی۔ اس دوران میں نے Turbo، MOL Plant Operator اور اب میں بوائلر ہاؤس Compressor Operator میں کام کر رہا ہوں۔ میں اللہ تعالیٰ کا شکرگزار ہوں اور ساتھ ہی میں آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش کا بھی شکرگزار ہوں جس میں مجھے ملازمت کا موقع فراہم کیا۔ اور اس کے ساتھ میں اپنی تعلیم مکمل کر رہا ہوں اور علامہ اقبال یونیورسٹی سے B.A کر رہا ہوں۔ میری دعا ہے کہ یہ ادارہ دن دگنی رات چگنی ترقی کرے! آمین۔

## سید علی حسن



میرا نام سید علی حسن ہے میں سوڈا ایش بزنس میں 23 جون 2013 سے بطور کیمیکل اپرنٹس کام کر رہا ہوں۔ میں نے فضائیہ انٹر کالج کلر کہار سے ایف ایس سی کا امتحان پاس کیا۔

میرے والد محترم جناب سید مختار حسین شاہ بھی اس کمپنی میں بطور چارج ہینڈ انسٹرومنٹ، 20 مارچ 1985 سے خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش میں آنے کے بعد میں نے دیکھا کہ یہ ادارہ تمام شعبوں میں نظم وضبط اور سیفٹی کے اصولوں کی پاسداری میں اپنی مثال آپ ہے۔ ہمارے ادارے کا تمام اسٹاف نہایت قابل اور مددگار ہے۔ تمام سینئرز ہماری رہنمائی کے لیے ہمیشہ کوشاں رہتے ہیں۔ جدید ترین مشینری ہونے کی وجہ سے ہمیں سیکھنے کا بھی زیادہ موقع ملتا ہے۔


علاوہ ازیں آئی سی آئی پاکستان کا رفاعی کاموں اور خدمتِ خلق میں بھی کوئی ثانی نہیں سیلاب ہوں یا زلزلہ، بیماری ہو یا بے روزگاری، ہمارا ادارہ غریب پروری کے لیے ہر وقت تیار ہوتا ہے۔ ربِ ذوالجلال سے دعا ہے کہ وہ ذاتِ کریم آئی سی آئی پاکستان اور اس سے وابستہ تمام لوگوں کو اپنے حفظ وامان میں رکھے اور ہمیں محنت اور سچی لگن سے کام کر کے رزق حلال کمانے کی توفیق عطا فرمائیے۔ (آمین)

سید علی حسن
ولد سید مختار حسین شاہ
اپرنٹس ٹیکنیکل ڈیپارٹمنٹ
آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش بزنس
کھیوڑہ

# سینئر مینجمنٹ ٹیم کا دورۂ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ











**رپورٹر: ملک محمد امیر**

جناب آصف جمعہ صاحب سی ای او، آئی سی آئی پاکستان نے سینئر مینجمنٹ ٹیم کے باقی اراکین کے ساتھ 17-16 نومبر 2015 کو سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ کا تفصیلی اور مصروف دورہ کیا۔ سوڈا ایش بزنس ٹیم کے لیے یہ وزٹ اس لیے بھی اہمیت کا حامل تھا کہ پہلی مرتبہ سینئر مینجمنٹ ٹیم کی میٹنگ سوڈا ایش سائٹ پر منعقد ہو رہی تھی۔

16 نومبر 2015 کو چار بجے ایڈمن ہال کانفرنس روم میں میٹنگ شروع ہوئی۔ جس کے بعد مینجمنٹ کے اراکین اور تمام ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس کے ہمراہ جناب آصف جمعہ صاحب نے ڈی اے پلانٹ کی نئ عمارت کا افتتاح کیا اور سارے پلانٹ کا باقاعدہ دورہ بھی کیا۔ شام کو جناب آصف جمعہ صاحب ونگٹن کلب تشریف لے گئے۔ جبکہ رات جناب سہیل اسلم خان صاحب وائس پریذیڈنٹ پولیسٹر/ سوڈا ایش بزنسز کی طرف سے دیئے گئے کھانے میں تمام مہمانوں اور سوڈا ایش بزنس ایمپلائز نے شرکت کی۔ اس موقع پر مینجمنٹ ٹیم کے ارکان ایمپلائز کے ساتھ گھل مل گئے اور مختلف دلچسپی کے موضوعات پر خوب گفت وشنید ہوتی رہی۔ ایمپلائز کی طرف سے ادارے اور جاری پراجیکٹس کے حوالے سے سوالات کے جواب جناب آصف جمعہ صاحب اور جناب سہیل اسلم خان صاحب خود دیتے رہے۔

اگلے دن 17 نومبر 2015 کو صبح جناب آصف جمعہ سینئر مینجمنٹ ٹیم کے باقی اراکین کے ساتھ ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس کی موجودگی میں MRE (Management Residentcal Eatate) میں تعمیر ہونے والے 8 نئے گھروں کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس کے بعد تمام مہمانوں نے ونگٹن اسکول اور ونگٹن ہسپتال کا دورہ کیا۔ ونگٹن اسکول کی کارکردگی اور






















ونگٹن ہسپتال کی ایمپلائز اور لوکل کمیونٹی کے لیے خدمات کے حوالے سے مہمانوں کو آگاہی دی گئی۔ جناب آصف جمعہ اور تمام مہمان ونگٹن اسکول اور ہسپتال کے سسٹمز اور خدمات کے حوالے سے کافی خوش اور مطمئن ہوئے۔

سوڈا ایش بزنس کے اس وزٹ کے دوران، ہر موقع پر سوڈا ایش بزنس کے ایمپلائز نے بزنس کے حوالے سے مختلف موضوعات پر معلومات شیئر کیں۔ تمام مہمانوں نے سوڈا ایش ٹیم کی مہمان نوازی کو بہت سراہا اور سوڈا ایش بزنس کے ماحول ''خاص طور پر جس انداز میں سبزہ زادوں کی دیکھ بھال کی گئی ہے'' کی بہت تعریف کی۔





مہمان کی تاثرات کی کتاب میں اپنے دورۂ کھیوڑہ کے بارے میں خیالات کا اظہار جناب آصف جمعہ صاحب نے "A Big Thank" اور محترمہ فاطمہ زبیری صاحب جنرل منیجر HR نے بے ساختہ "WOW" کی صورت میں کیا۔ اس پورے وزٹ کے دوران سوڈا ایش بزنس ٹیم نے ٹیم ورک کا زبردست مظاہرہ کر کے جناب جمعہ صاحب اور سینئر مینجمنٹ ٹیم کے دورہ کھیوڑہ کو یادگار بنا دیا۔





















# کوئز پروگرام برائے ایمپلائز چلڈرن

**رپورٹر: ملک محمد امیر**



آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش کھیوڑہ میں ایمپلائز کے بچوں کے درمیان ایک کوئز مقابلہ مورخہ 13 نومبر 2015 بروز جمعہ بوقت تین بجے ورکرز ویلفیئر ہال میں منعقد ہوا۔ اس کوئز پروگرام کا عنوان ''پاکستان اور تاریخ پاکستان'' تھا۔

1- پرائمری درجہ 2- مڈل درجہ 3- ہائی درجہ
تینوں درجات میں ایمپلائز کے بچوں نے نہایت ہی گرم جوشی اور شوق سے حصہ لیا۔ اپنے بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے والدین بھی موجود تھے۔اس کوئز پروگرام کا بنیادی مقصد ایمپلائز کے بچوں کے درمیان تعلیم کا شوق پیدا کرنا، اپنے وطن پاکستان کے حوالے سے آگاہی اور اپنے وطن سے تعلق کو مضبوط کرنا تھا۔

آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش کے ورکس منیجر جناب محمد عمر مشاق صاحب نے جیتنے والے بچوں میں انعامات تقسیم کیے۔ پروگرام کی خاص بات یہ تھی کہ کوئز مقابلہ میں حصہ لینے والے تمام بچوں کو اچھی کتابوں کی صورت میں انعامات سے نوازا گیا کیونکہ کتاب سے اچھا اور کوئی دوست نہیں ہے۔کوئز پروگرام کے بعد پروگرام کے شرکاءک لیے ایک مزیدار ریفریشمنٹ کا انتظام کیا گیا تھا۔تمام بچوں نے ایسے پروگرام تواتر سے منعقد کروانے کی درخواست کی۔



















سوڈا ایش

# سوڈا ایش میں موٹر سائیکل ہیلمٹ کمپین



1 نومبر کو آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش کے ایک سینئر ورکر جو کہ اپنی فیملی کے ساتھ پنڈادنخان سے کھیوڑہ روڈ پر موٹر سائیکل پر آرہے تھے راستے میں آتے ہوئے ان کا روڈ ایکسیڈنٹ ہوا جس میں انہیں سر میں شدید چوٹ آئی ۔ابتدائی طبی امداد کے بعد ان کو شفاء انٹرنیشنل ہسپتال بھیج دیا گیا جب حالات کا جائزہ لیا گیا تو یہ معلوم ہوا کہ وہ موٹر سائیکل پر ہیلمٹ کے بغیر سفر کر رہے تھے جسکی وجہ سے انہیں شدید چوٹ کا سامنا کرنا پڑا۔

اس حادثے کے بعد HSE ڈیپارٹمنٹ نے پلانٹ پر موٹر سائیکل ہیلمٹ اور سیف ڈرائیونگ کی کمپین چلائی ۔ اس کمپین کے پہلے مرحلے میں سعید اقبال سیفٹی منیجر ،سیکورٹی آفیسر خالد ملک اور ٹرینگ آفیسر راجہ غلام اکبر نے ملکر کمپنی کے موٹر سائیکل سواروں سے علیحدہ علیحدہ ملکر انکو موٹر سائیکل ہیلمٹ کی اہمیت کے بارے میں بتایا اور ھینڈ بل تقسیم کیے جس پر ہیلمٹ کے استعمال کو یقینی بنانے کا پیغام تھا۔

دوسرے مرحلے میں ورکس منیجر محمد عمر مشتاق کی ہدایات پر ٹرینگ سنٹر میں محفوظ موٹر سائیکل ڈرائیونگ اور ہیلمٹ کی اہمیت کے بارے میں ایک سیشن منعقد کیا گیا جس میں بطور ٹریز ڈاکٹر محمد راشد اور سیفٹی منیجر سعید اقبال نے حصہ لیا۔ ڈاکٹر محمد راشد نے زخمی ورکر کی کیفیت کے بارے میں لوگوں کو آگاہ کیا اور ویڈیو کلپ کے ذریعے انکو ہدایات دیں کہ اگر سیف ڈرائیونگ کرنی ہے تو ہیلمٹ کے استعمال کو یقینی بنائیں ۔ ڈاکٹر محمد راشد نے ہیڈ انجری کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔






سعید اقبال سیفٹی منیجر نے بھی ٹرینگ کورس میں ہیلمٹ کی اہمیت کے بارے میں بتایا اور SIT کے پلیٹ فورم پر بھی ہیلمٹ کی اہمیت پر زور دیا۔اسکے ساتھ ساتھ اسٹاف کالونی میں اور لوکل کمیونٹی میں بھی ہیلمٹ کی اہمیت کے بارے میں پینا فیلکس لگوائے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ موٹر سائیکل ڈرائیونگ کے دوران ہیلمٹ کی اہمیت سے آگاہ ہوسکیں۔
اس سلسلے میں اسے مہینے ایمپلائی کمیونیکشن کا موضوع بھی SAFETY HELMET تھا۔اس کمپین کو ورکس منیجر محمد عمر مشتاق اور لوکل انتظامیہ نے بھی سراہا۔

# نئے پلانٹ آپریٹرز کے لیے جامع تربیتی پروگرام

آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش میں حال ہی میں آٹھ پلانٹ آپریٹرز نے ملازمت حاصل کی جن کو دو ہفتے کا سیفٹی تربیتی پروگرام دیا گیا۔جس میں سیفٹی سے متعلق ذاتی حفاظتی آلات ، فائر سیفٹی مینجمنٹ ،ابتدائی طبی امداد،ایمرجینسی ریسپانس،BBS، اور پلانٹ آپریشن ، بوائلرز، لیبارٹری ،آئی آر سے متعلق مکمل آگاہی دی گئی ۔اس دو ہفتے کے سیفٹی تربیتی پروگرام میں سیفٹی منیجر سعید اقبال ، صابر محمود پروڈکشن منیجر، پاور سروسز سے رانا محمد اسلم ، محمد تنویر لیب آفیسر، راغب حسن آئی آر آفیسر ،مصدق حسنین فائر آفیسر ، راجہ غلام اکبر ٹرینگ آفیسر نے بطور ٹریزز اپنے اپنے شعبے کے حوالے سے شرکاء کو سیفٹی کے بارے میں آگاہی دی۔








# فری کار چیک اَپ ورکشاپ






آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش کی طرف سے اپنے ایمپلائیز کے لیے فری کار چیک اَپ کا الکلی اسپورٹس کلب ہاکی گراونڈ میں کاریں چیک کرانے کے لیے ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا۔

تمام ایمپلائیز اپنی گاڑیاں ہاکی گراونڈ میں لیکر آ گئے۔ گراونڈ میں ایک میلے کا سماں تھا۔ سوزوکی فالکن موٹر سرگودھا کے فیٹنیں منیجر عبدالستار مغل صاحب اپنی ٹیم کے ہمراہ اسپیئر پارٹس لے کر کھیوڑہ تشریف لائے۔ یہ ٹیم 20 لوگوں پر مشتمل تھی۔

سوزوکی کمپنی کی گاڑیوں کا فری چیک اَپ کیا گیا۔ تقریباً 50 گاڑیوں کی ٹیونگ ۔ آئل چینج اور سروس کی گئی۔ کھیوڑہ میں دوسری دفعہ کمپنی کی طرف سے یہ اہتمام کیا گیا خالد ملک صاحب کی بہت بڑی کاوش تھی۔ جنہوں نے رابطہ رکھا اور فالکن کمپنی کو کھیوڑہ بلوایا۔ سوڈا ایش کے ایمپلائیز سوزوکی کمپنی اور عبدالستار صاحب اور ان کی ٹیم کے تہہ دل سے مشکور ہیں۔ جنہوں نے ٹائم نکالا۔ کھیوڑہ تشریف لائے اور یہ سہولت اپنے گھر تک پہنچائی۔ سوڈا ایش کی انتظامیہ اپنے ورکرز کی چھوٹی چھوٹی باتوں مثلاً رہن سہن، صحت سیفٹی اور سفر کا خیال رکھتی ہے دوران سفر بھی کسی قسم کی پریشانی نہ ہو۔



ہم تمام ورکرر انتظامیہ کے بھی مشکور ہیں۔ جنہوں نے سوزوکی فالکن موٹر سرگودھا سے فری چیک اپ کا اہتمام کیا۔

# ورکس اور پراجیکٹ میں سیفٹی ٹیم کی ہم آہنگی

اس ماہ ورکس سیفٹی ٹیم اور پراجیکٹ سیفٹی ٹیم کی ایک مشترکہ میٹینگ کی گئی جس میں سیفٹی منیجر سعید اقبال ٹرینگ آفیسر راجہ غلام اکبر، پراجیکٹ سیفٹی انچارج نوید نے تمام سٹاف کے ساتھ شرکت کی ۔ اس مشترکہ میٹنگ میں سعید اقبال سیفٹی منیجر نے ورکس اور پراجیکٹ میں خطرات سے بچنے اور سیفٹی کے اصولوں پر عمل کرنے کی ہدایات دیں اور تمام ٹیموں نے اس بات کا عہد کیا کہ ہم ورکس اور پراجیکٹ میں کام کے دوران اور بعد میں بھی سیفٹی کے اصولوں کی سختی سے پابندی کریں گے تاکہ کسی بھی ممکنہ حادثے سے محفوظ رہا جائے اور ہمارے تمام ورکرز خوش و خرم اپنے بچوں کے درمیان واپس جائیں۔



# توسیعی منصوبوں پر کام کرنے والے اسٹاف کی تربیت

آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش میں توسیعی منصوبوں پر کام ہو رہا ہے جس میں بہت ساری کمپنیاں اور ان سے وابستہ اسٹاف بھی کام کر رہے ہیں۔ اس سلسلے میں ٹرینگ سنٹر میں منعقدہ سیشن میں سعید اقبال سیفٹی منیجر اور راجہ غلام اکبر ٹرینگ آفیسر نے ان منصوبوں پر کام کرنے والے اسٹاف کو سیفٹی کے متعلق تمام معلومات دیں۔ اس تربیتی نشست میں ذاتی حفاظتی آلات، آگ سے بچاؤ، ایمرجنسی ریسپانس، confined Space میں کام کرنے کے طریقوں، اور پرمٹ سسٹم کے بارے میں مکمل آگاہ کیا تاکہ وہ کام HSE کے اصولوں کے مطابق کر سکیں اور اپنے آپ کو محفوظ رکھ سکیں۔



# ریٹائرمنٹ پارٹی 2015

**رپورٹر: ملک محمد امیر**

آئی سی آئی پاکستان ہر نئے آنے والے ایمپلائی کو تہہ دل سے خوش آمدید کہتی ہے۔ اسی طرح جو ایمپلائز اپنی سروس مکمل کر کے ریٹائر ہو رہے ہوتے ہیں۔ ان کو نہایت ہی والہانہ انداز میں رخصت کرنا بھی آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ کی خوبصورت روایات میں سے ایک روایت ہے۔

پچھلے سالوں کی طرح اس سال بھی 31 دسمبر 2015 کو سوڈا ایش سے ریٹائر ہونے ایمپلائز کے اعزاز میں ایک پر وقار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ اس تقریب میں سوڈا ایش بزنس سے پچھلے سالوں میں ریٹائر ہونے والے ایمپلائز بھی مدعو ہوتے ہیں اور بہت خوشی محسوس کرتے ہیں۔ اس موقع پر تمام بزرگ ایمپلائز کو ایک دوسرے سے ملنے اور آپس میں گپ شپ کا موقع ملتا ہے۔

اس سال سوڈا ایش بزنس سے 12 ایمپلائز ریٹائر ہوئے ہیں جن میں سے 2 کا تعلق مینجمنٹ اسٹاف سے ہے:

| | نام | ڈیپارٹمنٹ | سروس |
|---|---|---|---|
| -1 | ذوالفقار حسین شاہ | ٹیکنیکل | 33 سال 9 ماہ |
| -2 | سلطان محمود | انجینئرنگ | 34 سال 9 ماہ |
| -3 | محمد اسلم بھٹی | انجینئرنگ | 30 سال 9 ماہ |
| -4 | محمد ایوب اختر | ایڈمن | 30 سال 9 ماہ |
| -5 | جاوید اقبال | انجینئرنگ | 30 سال 9 ماہ |
| -6 | محمد گلاب | پروڈکٹس | 30 سال 9 ماہ |
| -7 | راجہ محمد امیر | انجینئرنگ | 28 سال 5 ماہ |
| -8 | غلام مصطفیٰ | پروڈکٹس | 27 سال 5 ماہ |
| -9 | مائیکل منور | میڈیکل | 25 سال 5 ماہ |
| -10 | نذیر احمد | انجینئرنگ | 23 سال 8 ماہ |
| -11 | تاج محمد | پروڈکٹس | 22 سال 4 ماہ |
| -12 | محمد سلیم | انجینئرنگ | 20 سال 3 ماہ |

اس تقریب کے مہمان خصوصی سوڈا ایش بزنس کے ورکس مینیجر محمد عمر مشتاق تھے۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ قرآن مجید سے ہوا۔ محمد عمر مشتاق نے اس سال ریٹائر ہونے والے ایمپلائز کو مبارک باد دی اور مہمانان گرامی کو سوڈا ایش بزنس تشریف لانے پر خوش آمدید کہا۔ عمر مشتاق صاحب نے تمام شرکاء کو پلانٹ کی صورتحال، نئے پراجیکٹس اور ان پراجیکٹس پر کام کی صورتحال کے حوالے سے آگاہی دی اور بتایا کہ ان پراجیکٹس کی محفوظ تکمیل کے بعد پلانٹ پیداوار میں اضافہ ہو جائے گا۔

اس موقع پر ورکس مینیجر محمد عمر مشتاق نے ایمپلائز کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے بچوں کی تعلیم پر بھرپور توجہ دیں۔ موجودہ پلانٹ آپ کے پڑھے لکھے بچوں کا منتظر ہے کہ وہ آئیں اور یہاں کام کر کے اپنا رزق کمائیں۔ عمر مشتاق نے تمام شرکاء کا ایک مرتبہ پھر شکریہ ادا کیا اور اس سال ریٹائر ہونے والے ایمپلائز کے ساتھ گروپ فوٹو سیشن بھی بنوایا۔

تقریب کے اختتام پر تمام لوگوں کے لیے چائے کا انتظام کیا گیا تھا۔ چائے کے دوران ورکس مینیجر محمد عمر مشتاق تمام شرکاء کے ساتھ گھل مل گئے۔ تمام ریٹائرڈ ایمپلائز سے ان کی خیریت فرداً فرداً دریافت کی اور ریٹائرمنٹ پارٹی میں تشریف لانے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

اس دعا کہ ساتھ کہ آئی سی آئی پاکستان "دن دگنی رات چگنی ترقی کرے" اور "تمام ایمپلائز روبصحت اور خوشحالی رہیں" یہ ریٹائرمنٹ پارٹی اپنے اختتام کو پہنچی۔















سوڈا ایش














RETIREMENT PARTY
Soda Ash Will Miss You!

# اوپن والی بال شوٹنگ میچ









الکلی اسپورٹس کمیٹی نے حسب وعدہ گراؤنڈ آباد کرنے کی دوسری کاوش کے طور پنجاب کی معیاری ٹیموں کے درمیان والی بال کے نمائشی میچ کا بندوبست کیا ہے۔ یہ میچ حنا کلب جہلم اور بھچر کلب کھیوڑہ کے درمیان کھیلا گیا۔ دونوں ٹیموں میں پنجاب بھر کے نامور کھلاڑیوں نے حصہ لیا۔ حنا کلب کی طرف سے کامران حنا۔ امجد علی گجر اور ذیشان شانی گجر نے بہت عمدہ کھیل پیش کیا۔ بھچر کلب کی طرف سے ملک نوید ۔ ملک وحید بھچر اور بلال وڑائچ نے کھیل کھیلا۔ یہ میچ حنا کلب جہلم نے جیت لیا۔

اس میچ کے چیف گیسٹ چوہدری طاہر عباس صاحب وائس پریذیڈنٹ الکلی اسپورٹس کلب تھے ۔ کلب سیکریٹری محمد ایوب گجرہ توقیر احمد، حاجی محمد اسماعیل نے چوہدری طاہر عباس صاحب کو گراؤنڈ پر تشریف لانے پر خوش آمدید کہا۔ میچ کے اختتام پر دونوں ٹیموں کو کلب کی طرف سے انعام بھی دیئے گئے۔

جیتنے والی ٹیم کو 5000 پانچ ہزار روپے اور ٹرافی دی۔ ونر اَپ ٹیم کو تین ہزار روپے اور ٹرافی دی۔ الکلی اسپورٹس کلب آرگنائزنگ کمیٹی اپنے ورکرز کے لیے کبھی ہاکی ٹونارمنٹ ۔ کبھی محفل مشاہرہ والی بال میچ اور کرکٹ کے ٹونارمنٹ کا اہتمام کرتی رہی ہے۔

ہم ورکرز کلب کمیٹی کے مشکور ہیں ۔ جو اپنے ورکرز کے لیے کوشاں رہتی ہے۔

# سوڈا ایش ذاتی حفاظتی آلات اور کنٹریکٹر سٹاف



آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش میں عارضی طور پر کام کرنے والوں کو کام کرنے سے پہلے سیفٹی کے رہنما اصولوں کے بارے میں تربیت دی جاتی ہے اور گاہ بگاہ کنٹریکٹر ٹرینگ پلان کے تحت کنٹریکٹر سٹاف کے لیے بھی ٹرینگ سیشن کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ اس سلسلے میں ماہ نومبر میں ذاتی حفاظتی آلات پر ٹرینگ سیشن کا اہتمام کیا گیا جس میں سعید اقبال سیفٹی منیجر اور ٹرینگ آفیسر راجہ غلام اکبر نے کنٹریکٹر سٹاف کو ذاتی حفاظتی آلات اور ان کے استعمال کے بارے میں تربیت دی ۔ سعید اقبال سیفٹی منیجر نے اس تربیتی نشست میں ذاتی حفاظتی آلات کی اہمیت کے بارے میں بتایا ۔ اس تربیتی نشست کے اختتام پر بہت سارے سوال کیے گیے ۔ شرکاء کا یہ کہنا تھا کہ یہ تربیتی نشست ہمارے لیے بہت فائدہ مند ثابت ہوگی۔ اس کے ذریعے ہمیں کام کے دوران حفاظتی اصولوں سے آگاہی ہوئی جو بذاتِ خود ہماری اپنی حفاظت کے لیے نہایت اہمیت کا درجہ رکھتے ہیں۔

# سیفٹی کے 19 سال .... 5700 دن اور گنتی ابھی جاری ہے ....

ہمارے کیمیکلز بزنس کی تاریخ میں 29 اکتوبر 2015 کا دن ایک تاریخی اہمیت رکھتا ہے جب بزنس نے سیفٹی کے 19 سال بغیر کسی حادثے کے مکمل کیے۔ اگر اس کو اس انداز سے دیکھا جائے تو یہ 5700 دن اور انجری فری آپریشن کے 4.67 ملین مین آورز بنتے ہیں لیکن یہ سفر رکا نہیں جاری ہے۔

اس سنگ میل کے حصول پر بزنس نے ہیڈ آفس اور پلانٹ پر مختلف تقریبات منعقد کیں جن میں تمام اسٹاف نے شرکت کی۔ پلانٹ پر منعقدہ تقریب میں پلانٹ اور ایچ ایس ای منیجر فہد یوسف نے تمام اسٹاف کی سیفٹی کے ساتھ اپنی لگن اور عہد نبھانے کے رویے کی تعریف کی۔

جنرل منیجر کیمیکلز بزنس ارشد الدین نے پلانٹ ورکرز/ اسٹاف سے اپنے خطاب میں ان کی محفوظ طریقے سے کام کرنے کی عادت کو شاندار الفاظ میں سراہا اور کہا کہ مجھے نہایت خوشی ہے کہ میں ایک ایسی ٹیم کے ساتھ کام کرتا ہوں جو کہ سیفٹی کو ہر پل اولین ترجیح دیتی ہے تا کہ وہ خود بھی اور ان کے دیگر ساتھی بھی محفوظ رہیں۔ بغیر کسی حادثے کے 19 سال، ایک بڑا سنگ میل ہے اور اس سنگ میل کے حصول پر آپ سب کو دلی مبارک باد دیتا ہوں۔ اس ریکارڈ کا حصول آپ لوگوں کی اپنے کام اور اپنے ادارے سے محبت کا اظہار ہے۔

تقریب کے آخر میں یادگاری کیک کاٹا گیا جو کہ پلانٹ پر موجود سب سے سینئر ورکر عبدالحفیظ نے کاٹا۔





# کیلا بونڈ ڈبلیو ڈی کسٹمر پارٹی

ہمارے کیمیکلز بزنس کے ایڈہیسوز کے شعبے نے گجرات کے کسٹمرز اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے اعزاز میں ایک پارٹی کا اہتمام کیا۔ اس پارٹی کے لیے ہمارے نارتھ ریجن کے ڈسٹری بیوٹر اینکر پینٹ ہاؤس نے تعاون کیا تھا۔

اس نشست کا مقصد اپنے کسٹمرز کو ہمارے برانڈ کیلا بونڈ ڈبلیو ڈی کے معیار اور مارکیٹ میں موجود دیگر پروڈکٹس کے مقابلے میں اس کی کارکردگی کے بارے میں بتانا تھا۔ اس موقع پر شرکاء نے پروڈکٹ کے صحیح طرح سے استعمال کے فوائد اور غلط طریقے سے استعمال سے ہونے والے نقصانات کے بارے میں اپنے مشاہدات سے ایک دوسرے کو آگاہ کیا۔

اس پارٹی کی ایک خاص بات یہ تھی کہ اس میں کسٹمرز کے لیے تحائف بھی رکھے گئے جو کہ ان کی کمپنی کے ساتھ کاروباری کارکردگی کے معیار اور رابطوں کی بنیاد پر تقسیم کیے گئے۔



شرکاء کا کہنا تھا کہ اس قسم کی تقریبات نہ صرف رابطوں کو بڑھاتی ہیں بلکہ پروڈکٹس رینج کے بارے میں آگاہی کا باعث بھی بنتی ہیں جس سے ڈسٹری بیوٹر سے لیکر کمپنی تک ہر کوئی اپنے اہداف حاصل کرتا ہے۔







# سالانہ پکنک

کیمیکلز پلانٹ ورکرز کی روایتی سالانہ پکنک 15 نومبر کو منائی گئی۔ اس مرتبہ ٹیم سپر ہائی وے پر واقع فارم ہاؤس پر گئی تھی۔ اس پکنک کا بنیادی مقصد اپنے روزمرہ کے کاموں سے فراغت حاصل کر کے ایک دن تفریح کے طور پر منایا جائے۔

فارم ہاؤس پر پکنک مینجمنٹ کمیٹی کی جانب سے مختلف کھیلوں اور تیراکی وغیرہ کا بندوبست کیا گیا تھا جبکہ دوپہر کا کھانا بہترین ورائیٹز کے ساتھ ترتیب دیا گیا تھا۔ دوپہر کے کھانے کے بعد مزید تفریحی پروگرام رکھے گئے تھے اور شام کی چائے کے بعد سب نے واپسی کا سفر اختیار کیا اور یوں ایک اور یادگار پکنک اختتام کو پہنچی۔















# الوداعی تقریب

پولیسٹر بزنس کے ورکرز نے رضا آذر ورکس منیجر پولیسٹر بزنس کے اعزاز میں ورکس کینٹین ہال میں مورخہ 11 نومبر 2015 بروز بدھ الوداعی تقریب منعقد کی ۔ اس تقریب میں یونین عہدیداران کے علاوہ ورکرز نے بھی بھرپور شرکت کی۔ آئی سی آئی پاکستان پولیسٹر ایمپلائز یونین نے سینئر منیجرز کو بھی اس تقریب میں مدعو کیا۔ آئی سی آئی پاکستان پولیسٹر ایمپلائز یونین کے جنرل سیکرٹری راجہ خلیل الرحمٰن نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے رضا آذر کی بزنس کے لیے کی گئی خدمات کو سراہا اور خاص طور پر رضا آذر کے ورکرز کے ساتھ پیار و محبت والے رویے کی تعریف کی۔ اس کے بعد رضا آذر نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے آئی سی آئی پاکستان میں بہت اچھا وقت گزارا اور ان کی اس کمپنی اور بزنس کے ساتھ یادیں وابستہ ہیں اور ہمیشہ ان کو اس کی یاد دلاتی رہیں گی۔ آخر میں انہوں نے بزنس کی ترقی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور ورکرز کی طرف سے عزت افزائی کا شکریہ ادا کیا۔







# عالمی یوم ماحولیاتی صحت 2015




آلودگی ، ماحولیاتی تبدیلی ، بڑھتی شہری آبادی ، عالمگیریت اور غربت سے انسانی صحت کی برقراری اور قدرتی ماحول کے معیار کو خطرات لاحق ہیں۔ ان خطرات کے پیش نظر، احتیاطی نقطہ نظر کو اپنانے کی فوری ضرورت پیدا ہوگئی ہے۔ عالمی ماحولیاتی صحت کا دن ہر سال 26 ستمبر کو عالمی سطح پر منایا جاتا ہے۔ انسانی صحت کی حفاظت کے جذبے کے ساتھ یہ دن ہر سال منفرد موضوع کے ساتھ منایا جاتا ہے۔ اس سال کا موضوع بچوں کی صحت اور نشوونما تھا۔ آئی سی آئی پاکستان پولیسٹر ایک بہتر ماحول کی طرف پیش قدمی میں اپنی ذمہ داریوں کو تسلیم کرتے ہوئے ملازمین کو ان کے افعال اور اس سے وابستہ ماحول اور انسانی صحت، خصوصاً بچوں کی صحت پر اثرات کے بارے میں آگہی دی۔ بچے ہمارے معاشرے کے سب سے حساس حصے کی نمائندگی کرتے ہیں۔ بڑوں کے مقابلے میں بچے آلودگی ، بیماری ، ناقص غذا اور حادثات سے زیادہ خطرے میں رہتے ہیں۔ ماحول میں تمباکو کے دھوئیں کو عالمی اور مقامی سطح پر ہر ایک اہم مسئلہ تسلیم کرتے ہوئے پولیسٹر بزنس نے اپنے ملازمین کی آگاہی کے لیے ایک



آگاہی اجلاس منعقد کروایا۔ اس اجلاس کی قیادت کرتے ہوئے ٹریننگ آفیسر یاسر رفیق نے تمباکو نوشی اور اس سے جڑی بیماریوں کے متعلق عالمی حقائق اور اعداد و شمار سمیت دیگر خطرات سے متعلق آگاہی فراہم کی۔ یہ آگاہی سیشن تمباکو نوشی ترک کرنے یا اس کے مخصوص جگہوں تک محدود رکھنے کے عہد کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔

# ریٹائرمنٹ پارٹی

پولیسٹر بزنس کے ورکرز کی طرف سے 31 دسمبر 2015 کو ریٹائر ہونے والے ملازمین کے اعزاز میں روائتی ریٹائرمنٹ پارٹی مورخہ 31 دسمبر 2015 بروز جمعرات ورکس کینٹین ہال میں منعقد ہوئی۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ قرآن کریم اور نعت رسول مقبول ﷺ سے ہوا۔ اس کے بعد راجہ خلیل الرحمٰن جنرل سیکرٹری آئی سی آئی پاکستان پولیسٹر ایمپلائز یونین اور مہمان خصوصی جناب خالد محمود صاحب ورکس منیجر پولیسٹر بزنس نے اپنے خطاب میں ریٹائر ہونے والے ملازمین کی بزنس کے لیے خدمات کو سراہا۔ ریٹائر ہونے والے ورکرز نے بھی اپنے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اپنی سروس صحت و تندرستی کے ساتھ پوری ہونے پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور کمپنی کے بہتر مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس کے بعد ریٹائر ہونے والے ملازمین میں تحائف تقسیم کیے گئے۔ اس تقریب میں یونین آفیشلز، ورکرز اور مینجمنٹ اسٹاف نے بھرپور شرکت کی۔ آخر میں حاضرین کی ریفریشمنٹ سے تواضع کی گئی۔



















پولیسٹر











# ابتدائی طبی امداد پر ریفریشر تربیت







آئی سی آئی پاکستان پولیسٹر نے اپنے ملازمین کو ابتدائی طبی امداد کے طریقوں اور آلات سے ہم آہنگی فراہم کرنے کے لیے سال کی پہلی ششماہی میں تربیتی سیشن منعقد کروائے تھے۔ اس سکھائے گئے علم و ہنر کو تازہ اور اپ ۔ٹو ۔ڈیٹ رکھنے کے لیے ریفریشر تربیت کا انعقاد کیا گیا۔ باقاعدگی سے ایسے موقعوں کی فراہمی اس امر کی یقین دہانی کرواتی ہے کہ ہنگامی صورتحال میں ملازمین بہترین طریقہ کار اختیار کرتے ہوئے اپنی اور ساتھیوں کی مدد کرسکیں۔ یہ سیشن چھ گھنٹے تک جاری رہا۔ ریڈ کر یسنٹ کے ٹریز عمران لطیف صاحب نے کام پر سیفٹی، حفاظتی لباس اور علاقات ، سڑک پر حفاظت اور ابتدائی طبی امداد جیسے اہم موضوعات پر بھی خصوصی توجہ دی۔





# اسٹریٹ آرٹ مقابلہ



پالیسٹر پلانٹ کے نوجوان انجینئروں نے رضا کارانہ طور پر ماسٹر پینٹس اور آرٹستان کے زیر اہتمام اسٹریٹ آرٹ کے سالانہ مقابلے میں حصہ لیا۔ شرکاء نے مقابلے میں حصہ لینے کی غرض سے پینٹنگ کا ایک نمونہ بھیجا پنجاب بھر سے ہزاروں شرکاء کو پیچھے چھوڑتے ہوئے منتخب کر لیے گئے۔ 22 نومبر 2015 بروز اتوار آئی سی آئی پاکستان کی منتخب ٹیم کو ایجرٹن روڈ پر دیوار کا حصہ اپنے فنی جوہر کی نمائش کے لیے مختص کیا گیا۔ ماحولیات اور جنگلات کی کٹائی سے متعلق آگہی دیتی پینٹنگ علی حیدر اعوان ، ارسلان اکرم ، شوزیب رضا اور زبیر احمد کھوکھر کی مشترکہ کاوش کے نتیجے میں مکمل ہوئی۔ آئی سی آئی پاکستان کے لوگوں کے ساتھ یہ دلکش پینٹنگ مدتوں لاہور کی سڑک پر آئی سی آئی پاکستان کی ماحول دوست روئیے کی عکاسی کرے گی۔





# کھیوڑہ مائن/قلعہ کٹاس ٹور

آئی سی آئی پولیسٹر کلب نے سابقہ روایات کے تسلسل میں نومبر 2015 میں ورکرز اور مینجمنٹ کے لیے کھیوڑہ مائن اور قلعہ کٹاس ٹور کا پروگرام ترتیب دیا۔ اس ٹور کا مقصد روزمرہ کی مصروفیات سے ہٹ کر سیر وتفریح کا موقع فراہم کرنا تھا۔ اس ٹور میں ورکرز اور مینجمنٹ نے بھرپور دلچسپی ظاہر کی اور کل 175 انٹریز موصول ہوئیں۔ اتنی زیادہ انٹریز کو دیکھتے ہوئے اسپورٹس کلب نے اس ٹور کو دو مختلف گروپس میں تقسیم کیا تا کہ انتظامات بہتر طریقے سے سرانجام دیئے جاسکیں۔ پولیسٹر بزنس سے صبح 8:00 بجے کوسٹرز روانہ ہوئیں اور 11:00 بجے کھیوڑہ سالٹ مائنز پہنچ گئیں۔ کھیوڑہ مائنز کی سیر کر کے لوگوں نے خوب لطف اٹھایا۔ اس میں مزے کی بات یہ تھی کہ دوپہر کا کھانا وہاں خود مل کر بنایا گیا اور اپنی مدد آپ کے تحت تقسیم کیا گیا۔ کھانے کے بعد سب نے مل کر صفائی کی تا کہ ماحول کو صاف ستھرا رکھا جا سکے۔ کھیوڑہ دوپہر 3:00 بجے قلعہ کٹاس کی طرف روانہ ہوئے اور تمام ممبران نے قلعہ کی سیر کے ساتھ ساتھ خوب فوٹو گرافی بھی کی۔









آخر میں کلرکہار جا کر چائے پی اور شام 5:00 بجے واپس گھروں کے لیے روانہ ہوگئے۔ یہ ٹور بہت ہی یادگار تھا جس پر ورکرز نے نوٹس بورڈ پر نوٹس آویزاں کیا جس میں یونین اور اسپورٹس کمیٹی کے اس اقدام کو سراہا گیا۔







# دستی اوزاروں کا محفوظ استعمال

کمپنی کی جانب سے متعین محفوظ کام کرنے کے طریقہ کار کو مدنظر رکھتے ہوئے دستی اوزاروں کے محفوظ استعمال پر ٹریننگ سیشن 11 ستمبر 2015 کو آئی سی آئی پاکستان پولیسٹر بزنس کے تربیتی مرکز میں منعقد کیا گیا۔ کسی بھی کام کی انجام دہی کے لیے غیر مناسب آلہ کا انتخاب یا مناسب آلہ کا غلط طور پر استعمال ملازمین کے لیے نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔ خراب اوزاروں کا استعمال بھی کام کے دوران کسی حادثے یا نقصان پہنچانے کی وجہ بن سکتا ہے۔ ہمارے قابل قدر ٹھیکیدار سید برادرز کے 15 ملازمین نے سید ماجد نقاش کی فراہم کردہ تربیتی سے فائدہ اٹھایا۔ تربیتی سیشن 2 گھنٹے تک جاری رہا۔ جس میں روزمرہ سرگرمیوں میں تکنیک، حکمت عملی اور احتیاطی تدابیر پر زور دیا گیا۔ اس تربیتی سیشن میں کام سے متعلق مختلف آلات سے جڑی پیچیدگیوں پر بھی نظر ڈالی گئی۔ روزمرہ کاموں میں انفرادی قوت کو درپیش چیلنجوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اور ان چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے تربیت اور صلاحیت بھی فراہم کی گئی۔



# ہاؤس کیپنگ مقابلہ

آئی سی آئی پاکستان پولیسٹر پلانٹ پر سیفٹی کی ترویج اور ہاؤس کیپنگ کے معیار کو برقرار رکھنے کے لیے مسلسل کوشش کی جاتی رہتی ہے۔ ہاؤس کیپنگ کے حوالہ سے دلچسپی بڑھانے کے لیے ہر ماہ تمام ڈیپارٹمنٹس کے درمیان مقابلہ منعقد کیا جاتا ہے اور اس کا آڈٹ ایک غیر جانبدار آڈٹ ٹیم کرتی ہے۔ آڈٹ میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے ایریا کو ٹرافی سے نوازا جاتا ہے۔ نومبر 2015 کے آڈٹ میں سی پی ورکشاپ نے پہلی پوزیشن لے کر ٹرافی حاصل کی۔ اس موقع پر سی پی ورکشاپ میں ایک تقریب منعقد کی گئی جس میں ورکس منیجر خالد محمود اور مارکیٹنگ منیجر عمران صدیق، انجینئرنگ منیجر عدیل مرزا سیفٹی منیجر خرم شہزاد اور دیگر منیجر صاحبان نے شرکت کی۔ ورکس منیجر اور مارکیٹنگ منیجر نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے سی پی ورکشاپ کے تمام ورکرز اور منیجر کو ٹرافی کے حصول اور ہاؤس کیپنگ کے بہترین معیار پر مبارک باد دی اور آئندہ کے لیے ہاؤس کیپنگ کے معیار کو برقرار رکھنے پر زور دیا۔


# دورہ انٹرلوپ و پیپسی کو انٹرنیشنل

آئی سی آئی پاکستان ایک ایسے پروگرام پر عمل پیرا ہے جس میں جدید ترین نظام کے ذریعے بین الاقوامی معیارِ عمل کو قائم رکھنا ترجیحی فہرست میں سب سے اوپر ہے۔ یہ مختلف صنعتوں کی کامیابی اور لغزشوں سے تجربہ حاصل کرنے اور سیکھنے میں یقین رکھتا ہے۔ صنعتی شعبے سے قطع نظر، مختلف کمپنیوں کے مشاہدے کے بعد امور کچھ ردو بدل کے بعد اپنائے جاسکتے ہیں۔ اس سب کو مدنظر رکھتے ہوئے جناب خرم شہزاد کی قیادت میں آئی سی آئی پاکستان کے سات ارکان کی ایک ٹیم نے 17 ستمبر 2015 کو پیپسی انٹرنیشنل، سندر سنیک پلانٹ اور انٹرلوپ لمیٹڈ (ہوزری ڈویژن III) کا دورہ کیا۔ میزبان کمپنیوں نے ٹیم کو اپنی کمپنیوں کے اہم پہلوؤں/ آپریشنز کے اثرات، خام مال اور مصنوعات کی اسٹوریج، ملازمین کی تعداد اور کاروبار کے بارے میں معلومات فراہم کیں۔ کمپنیوں نے اپنے حاصل کردہ بین الاقوامی سرٹیفکیٹوں کے بارے میں بھی معلومات فراہم کیں۔ میزبان کمپنیوں کی جانب سے ملازمین کی حفاظت، توانائی، ماحول کے تحفظ اور سماجی بہبود سے متعلق ایک جامع بصیرت فراہم کی گئی جس سے آئی سی آئی پاکستان پولیسٹر کو اپنے نظام کو بہتر بنانے میں انتہائی مدد مل سکے گی۔






# ویکسینیشن




ٹائیفائیڈ ایک سنگین بیماری ہے۔ یہ تیز بخار، تھکاوٹ، کمزوری، پیٹ میں درد، بھوک میں کمی اور بعض اوقات جسم پر دانوں کا سبب بنتا ہے۔ علاج کی غیر موجودگی میں 30 فیصد شکار لقمہ اجل بن جاتے ہیں۔ سالانہ 21 ملین افراد اس کا شکار ہو جاتے ہیں جن میں سے سالانہ تقریباً 2 لاکھ افراد جانبر نہیں ہوتے اور جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔

پولیسٹر بزنس نے اپنے ملازمین کو اس بیماری کے تباہ کن اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے ویکسینیشن کا اہتمام کیا۔ 200 ملازمین کی ویکسینیشن کا کام مکمل کیا جا چکا ہے۔ چھوت کی بیماری ہونے کے ناطے اس امر کو خصوصی توجہ دی گئی کہ میس اسٹاف کے ذریعے یہ بیماری نہ پھیلے۔ اسی لیے میس کے انتظامی اور غیر انتظامی اسٹاف کی بھی ویکسینیشن کی گئی۔





# ریسکیو 1122 ٹیم دورہ آئی سی آئی پاکستان پولیسٹر بزنس

18 دسمبر 2015 کو ریسکیو 1122 کی 4 رکنی ٹیم نے ضلعی ایمرجنسی آفیسر ڈاکٹر محمد اعظم کی قیادت میں آئی سی آئی پاکستان پولیسٹر کی فائر مینجمنٹ اینڈ ایمرجنسی کنٹرول سسٹم کے مشاہدے کی غرض سے دورہ کیا۔

اس دورے کا مقصد ایمرجنسی رسپانس اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ کی انتظامی اور مینوفیکچرنگ پلانٹس کے درمیان عملی اشتراک اور باہمی تعاون پیدا کرنا تھا کہ کسی بھی ہنگامی صورت حال میں امدادی سرگرمیوں میں کام والے افراد/ ادارے منظّم طریقے سے کام کریں۔ ریسکیو 1122 سے آئے ہوئے مہمانوں کے استقبال کے بعد پولیسٹر بزنس کے بین الاقوامی معیار کے حامل سیفٹی سسٹم اور آگ پر قابو پانے کے نظام کی وضاحت خرم شہزاد اور محمد علی فائر اینڈ سیفٹی آفیسر نے دی۔

رخصت ہوتے وقت ڈاکٹر محمد اعظم نے آئی سی آئی پاکستان پولیسٹر بزنس کی فائر مینجمنٹ اور ایمرجنسی کنٹرول کو سراہا اور مستقبل میں مشکل وقت میں ایک دوسرے کی مدد اور باہمی تعاون کی یقین دہانی کی۔

''ہم لائف سائنسز ہیں''

# ہم زندگیاں بہتر کرتے ہیں اور ہمیں جیتنا ہے!

## We Improve lives... we are have to win.

اکتوبر 2015 میں لائف سائنسز بزنس کی تمام ٹیم کراچی ، لاہور اور اسلام آباد میں جمع ہوئی تا کہ بزنس کی آئندہ تین سال کے لیے طے کی گئی حکمت عملی سے آگاہ ہو سکے اور اس پر عملدرآمد کے لیے تیار ہو جائے۔

اس حکمت عملی کے مطابق پوری ٹیم کا مقصد ہمیں جیتنا ہے (Here to win 2015-18) کا عنوان قرار دیا گیا ہے۔ یہ بزنس کے ویژن '' ہم زندگیاں بہتر کرتے ہیں'' (We improve lives) جو کہ لائف سائنسز کے اس مصمم ارادے کو ظاہر کرتا ہے جو وہ اپنے تمام اسٹیک ہولڈرز اور کسٹمرز کے لیے سوچتا ہے۔ اس موقع پر 600 سے زائد لائف سائنسز کے بزنس ٹیم کے اسٹاف نے عہد کیا کہ ہم اس ویژن کی پاسداری کریں گے اور عمل پیرا ہوں گے۔ بزنس کے تمام شعبوں کو ان کے کام کی نوعیت کے مطابق ٹارگٹ اور پروجیکٹس طے کر دیئے گئے جو کہ وہ آئندہ آنے والے سالوں میں حاصل کریں گے۔











زندگی صحت کے ساتھ

# بریسٹ کینسر سے آگاہی

رپورٹ عمیر الدین

اکتوبر کے مہینے میں دنیا بھر بڑے پیمانے پر بریسٹ کینسر سے آگاہی کی مہم چلائی جاتی ہے۔ ہمارے لائف سائنسز کے فارماسیوٹیکلز کے شعبے نے بھی اس حوالے سے کراچی ، لاہور ، اسلام آباد ، جامشورو ، نواب شاہ ا ور ہیڈ آفس میں مختلف تقریبات کا انعقاد کیا تا کہ اس موذی مرض کے بارے میں زیادہ سے زیادہ خواتین کو معلومات مہیا کی جاسکیں۔

اس سلسلے میں جامشورو اور نواب شاہ میں سیمینار منعقد کیے گئے جبکہ آرمی میڈیکل کالج اسلام آباد کے ڈاکٹرز کی بیگمات کے ساتھ ایک خصوصی سیشن رکھا گیا۔

ان تقریبات میں 300 سے زائد ڈاکٹرز ، نرسز اور میڈیکل کے شعبے سے تعلق رکھنے والے دیگر افراد نے حصہ لیا۔ کینسر کے ماہر ڈاکٹرز نے شرکاء کو جلد تشخیص، مرض کی نشانیاں، اس سے بچاؤ کی ٹیکنیک اور علاج کے طریقوں پر اظہار خیال کیا۔

ڈاکٹر ندیم احمد لغاری، ڈائریکٹر نمبر NIMRA 1، جامشورو اور ڈاکٹر قراۃ العین، ڈائریکٹر نورن، NORIN ڈاکٹر فوزیہ عبدالصمد، ہیڈ آف انکولوجی ڈیپارٹمنٹ فوجی فاؤنڈیشن اسپتال نے شرکاء کے ساتھ گفتگو میں بریسٹ کے کینسر کی جلد تشخیص اور آگاہی مہم کے حوالے سے آئی سی آئی پاکستان کی کاوشوں کو سراہا۔

جامشورو اور نواب شاہ میں شرکاء کو فری میموگرافی کی سہولت بھی مہیا کی گئی جو کہ بریسٹ کینسر کی تشخیص میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ ان سیشنز کے بارے میں شرکاء کا کہنا تھا کہ اس قسم کے پروگرام عام افراد میں آگاہی پیدا کرتے ہیں۔ شرکاء نے ماہرین سے سوال و جواب بھی کیے۔



زندگی صحت کے ساتھ

# ریگنم مین۔صحت افزا وٹامن/قوت و توانائی کے لیے

ہمارے لائف سائنسز بزنس نے حال ہی میں مرد حضرات کی بڑھتی ہوئی عمر کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک نئی دوا ریگنم مین مارکیٹ میں متعارف کی ہے۔

یہ ایک سہ طرفی طریقے سے کام کرنے والے وٹامنز پر مبنی دوا ہے جو کہ تھکاوٹ کو دور کر کے صحت اور توانائی پیدا کرتی ہے۔

اس حوالے سے سیلز ٹیم کی تربیت کے لیے خصوصی بندوبست کیا گیا تا کہ انہیں پروڈکٹ کے بارے میں تفصیل سے آگاہی دی جا سکے۔ اس تربیتی نشست میں سیلز ٹیم کو مارکیٹ میں موجود اس جیسی دیگر پروڈکٹس کا تجزیہ اور اس کے پروموشن پلان سے بھی آگاہ کیا گیا۔ تربیتی نشست کی خاص بات یہ تھی کہ اس میں شعبہ کے ماہر ڈاکٹرز نے بھی شرکت کی اور سیلز ٹیم کو اپنے خیالات سے آگاہ کیا۔






لائف سائنسز



ایگری ڈویژن
فصل شاندار۔ کاشتکار خوشحال

# سن فلاور کچہری پروگرام

ہمارے ایگری ڈویژن کا سورج مکھی (سن فلاور) بیج کا برانڈ ''حی سن'' اپنے بہترین معیار اور غیر معمولی پیداواری صلاحیت کی وجہ سے ہمارے سن فلاور کے کاشتکاروں کی نظر میں ایک نمایاں مقام رکھتا ہے۔

برنس نے انہی چیزوں کو مدنظر رکھتے ہوئے سندھ بھر کے سن فلاور کے کاشتکاروں کے لیے ''سن فلاور کچہری پروگرام'' کا آغاز کیا ہے۔ یہ ایک منفرد پروگرام ہے جس کے ذریعے کاشتکار نہ صرف کمپنی کی دیگر مصنوعات کے بارے میں آگاہی حاصل کرسکیں گے بلکہ کمپنی کے نمائندوں کی جانب سے فصل کی بہتری کے لیے مفید مشوروں سے بھی فیضیاب ہوں گے اور اس کے ساتھ ساتھ کاشتکار زراعت کے شعبے میں ہونے والی تحقیق اور کام کرنے کے بہترین طریقوں سے بھی آشنا ہوسکیں گے۔

سن فلاور کچہری پروگرام کو کاشتکاروں نے بیحد پسند کیا ہے اور اس کو اپنے لیے بیحد مفید پایا ہے۔








ایگری ڈویژن

فصل شاندار۔کاشتکار خوشحال

# بزنس پارٹنرز کانفرنس






ہمارے ایگری ڈویژن نے ویجیٹبل سیڈز ڈیلرز کے لیے لاہور اور حیدرآباد میں بزنس پارٹنرز کانفرنس کا انعقاد کیا۔ اس کانفرنس کا بنیادی مقصد ڈیلرز کے ساتھ تعلقات کی مضبوطی اور ان کی حوصلہ افزائی کے ساتھ ساتھ جن ڈیلرز نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔اس کو سراہانا تھا تاکہ دوسرے ڈیلرز میں بھی اعلیٰ کارکردگی کی امنگ پیدا ہو۔

کانفرنس کا آغاز ایک میوزیکل تقریب سے ہوا جس کو تمام شرکاء نے بیحد پسند کیا جس کے بعد تمام شرکاء کو ہماری ایگری ڈویژن کی مکمل پروڈکٹ رینج کے بارے میں آگاہی دی گئی۔سمیع اللہ، ٹیکنالوجی ڈیولپمنٹ منیجر نے زراعت کے شعبے میں استعمال ہونے والے آلات اور ٹیکنالوجی کے بارے میں شرکاء کو تربیت دی جس کے ساتھ ساتھ فراز علی بٹ نے کمپنی سیلز پالیسی کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا۔

کانفرنس کے اختتامی مرحلے میں سال 2014-15 کے دوران ہماری پروڈکٹس کی فروخت کے حوالے سے بہترین کارکردگی کے حامل مندرجہ ذیل ڈیلرز میں ترغیبی انعامات بھی دیئے گئے۔

1- ساؤتھ ریجن کے 3 بہترین ڈیلرز برائے سال 2014-15

- شاہد مجید اینڈ برادرز
- حنیف کارپوریشن (VSN)
- زبیر پیسٹیسائیڈ اینڈ فرٹیلائزر

2- نارتھ ریجن کے 3 بہترین ڈیلرز

- خوشحالی سیڈز سینٹر
- بسم اللہ ٹریڈرز
- الحبیب سیڈز اسٹور







بزنس کو امید ہے کہ اس قسم کی ڈیلرز کانفرنس ڈیلرز کی حوصلہ افزائی اور ان میں ایک صحتمند مقابلے کا رجحان پیدا کرتی ہیں تاکہ وہ مزید اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کریں۔ اس کے ساتھ ساتھ ان کا آئی سی آئی پاکستان کی پروڈکٹس کے معیار اور صلاحیت پر اعتماد میں اضافے کا بھی باعث بنتی ہیں۔

فصل شاندار۔کاشتکار خوشحال

# ٹماٹر کے بیج کا شاندار استقبال



ہمارے ایگری ڈویژن نے ضلع دادو کے علاقے واہی پاندی کے کاشتکاروں کو آئی سی آئی پاکستان کے ہائبرڈ ٹماٹر کے بیج کے بارے میں آگاہی دی اور انہیں مختلف نمائشی پلاٹوں کا دورہ کرایا جہاں یہ بیج کاشت کیے گئے تھے تاکہ کاشتکار خود اپنی آنکھوں سے بیج کی کارکردگی اور فصل کا معائنہ کرسکیں۔ واہی پاندی کے کاشتکاروں نے نمائشی پلاٹوں پر فصل کا معائنے کے بعد ٹماٹر کے سائز رنگ اور پیداوار پر اپنے نہایت اطمینان کا اظہار کیا۔

ہمارے ایگری ڈویژن نے پہلی مرتبہ اس علاقے میں قدم رکھے اور ٹماٹر کے بیج کو مارکیٹ کیا۔ پہلی پیش قدمی اور بیج کی غیر معمولی پیداواری صلاحیت کی بدولت نہایت کم وقت میں علاقے کی 80% فیصد سے زیادہ مارکیٹ میں قدم جما لیے ہیں۔ ایگری ڈویژن کو امید ہے کہ یہاں کی مزید مارکیٹ میں بھی اپنی دیگر پروڈکٹس کی جگہ بنائے۔





اگیری ڈویژن

فصل شاندار۔کاشتکار خوشحال

# گندم کے کاشتکاروں کے لیے خوشخبری

# ٹوٹل 80 ڈبلیو جی اور ویسٹا 15 ڈبلیو پی

رپورٹ : ثاقب حسین




پاکستان ایک زرعی ملک ہے جس کی اجناس کے حوالے سے سب سے بڑی زرعی پیداوار گندم ہے جو کہ ملک کے سب سے زیادہ بڑے رقبے میں اگائی جاتی ہے لیکن بدقسمتی سے فصل کے ساتھ اگ جانے والے گھاس پھونس اور دیگر بیرونی عوامل کاشتکاروں کو اس کی فصل کا صحیح نعم البدل نہیں دیتے۔

کاشتکاروں کی اس مشکل کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمارے اگیری ڈویژن نے دونئی پروڈکٹس ٹوٹل 80 ڈبلیو جی اور ویسٹا 15 ڈبلیو پی کو مارکیٹ میں متعارف کرایا ہے۔ ان دونوں پروڈکٹس کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ گندم کی بالیوں کے آس پاس اگ جانے والی گھاس پھونس اور جنگلی جڑی بوٹیوں کو تیزی سے ختم کرتی ہے جن کی وجہ سے ہمارے گندم کے کاشتکار پریشان رہتے ہیں اور اپنی فصل کے مطلوبہ نتائج حاصل نہیں کر پاتے۔

اس حوالے سے اگیری ڈویژن کے تمام ریجنز کی فیلڈ ٹیم ممبرز کے لیے ایک تفصیلی تربیتی پروگرام ترتیب دیا گیا تا کہ وہ کاشتکاروں اور ڈیلز حضرات کو تفصیل سے ان پروڈکٹس کے بارے میں بتا سکیں۔

ٹوٹل 80 ڈبلیو پی اور ویسٹا 15 ڈبلیو پی پروڈکٹس کے آغاز کی مہم کے حوالے سے ملتان ، بہاولپور، حیدرآباد، سکھر، گوجرانوالہ، سرگودھا، مردان اور میانوالی میں مختلف تقریبات کا اہتمام کیا گیا جن میں ہمارے بزنس پارٹنرز نے بھرپور شرکت کی۔ ان تقریبات میں شرکاء کو نہ صرف ان دونوں پروڈکٹس کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا گیا اس کے ساتھ ساتھ نتائج اور فوائد کے بارے میں بھی بتایا گیا۔

وحید اطہر، نیشنل سیلز اینڈ ڈیولپمنٹ منیجر اگیروکیمیکلز نے شرکاء کو کمپنی کی سیلز پالیسیز سے آگاہ کیا۔فصلوں کے تحفظ کے حوالے سے ان دو پروڈکٹس کے اضافے کے ساتھ آئی سی آئی پاکستان نے کامیابی سے گندم کے تحفظ اور پیداوار میں اضافے کا مرحلہ کامیابی سے مکمل کر لیا ہے۔








اگیری ڈویژن

فصل شاندار۔کاشتکار خوشحال

# بھٹ شاہ میلہ
# سن فلاور اسٹال کو بہترین اسٹال ٹرافی



کاشتکاری کے حوالے سے سندھ میں بھٹ شاہ میلہ ایک اہم اور روایتی تقریب ہے جس میں سندھ بھر کے کاشتکار اور زراعت کے شعبے میں کام کرنے والی ملک بھر کی کمپنیاں شرکت کرتی ہیں۔اس سال یہ میلہ 29-27 نومبر کو بھٹ شاہ میں منعقد کیا گیا جہاں ہمارے اگیری ڈویژن نے سن فلاور کا اسٹال لگایا تا کہ ان کے مشہور زمانہ برانڈ ہائی سن کے بارے میں علاقے کے کاشتکاروں اور ڈیلرز کو آگاہی دی جا سکے۔

سندھ حکومت کی اہم شخصیت ، شرمیلا فاروقی نے اس میلے کا افتتاح کیا اور آئی سی آئی پاکستان کے اسٹال کا خصوصی طور پر دورہ کیا۔ساجد مجود ،ٹیکنیکل منیجر نے بڑی تفصیل سے انہیں زراعت کے شعبے میں آئی سی آئی پاکستان کی خدمات اور مصنوعات کے بارے میں آگاہ کیا۔



سندھ حکومت کے زراعت کے شعبے کے اعلیٰ افسران اور اہم شخصیات نے بھی آئی سی آئی پاکستان کے سن فلاور اسٹال کا دورہ کیا اور کمپنی کی مصنوعات اور کاشتکاروں کے لیے اس کی خدمات کو بیحد سراہا۔اسٹال پر موجود آئی سی آئی پاکستان اگیری ڈویژن کی مستعد ٹیم نے مہمانوں اور میلے کے شرکاء کو اپنی مصنوعات اور کاشتکاری کے حوالے سے فنی اور اہم معلومات سے آگاہ کیا اور انہیں مشورے بھی دیئے ۔

میلے کے اختتام پر انتظامیہ کی جانب سے آئی سی آئی پاکستان کے سن فلاور اسٹال کو بہترین اسٹال کی ٹرافی بھی دی گئی۔





### ایگری ڈویژن
### فصل شاندار۔کاشتکار خوشحال

# ہائی کارن 339 گشتی سیمنیار




آئی سی آئی پاکستان کے ایگری ڈویژن کی مکئی کے حوالے سے پروڈکٹ ہائی کارن 339 نے بزنس کو مکئی کے بیج کی مارکیٹ میں اپنے ابتدائی سالوں میں نہایت کامیابیوں سے ہمکنار کیا ہے۔ ہائی کارن 339 کے بیج نے کاشتکاروں اور ڈیلرز کو ان کی توقعات سے زیادہ اچھے نتائج دیئے ہیں۔

ہائی کارن 339 بیج کی کامیابی کو دیکھتے ہوئے ایگری ڈویژن کی ٹیم نے ملک بھر کے بڑے کاشتکاروں اور ڈیلرز کے ساتھ ملاقاتوں کا پروگرام ترتیب دیا تاکہ انہیں اس بیج کی کارکردگی اور پیداواری صلاحیت کے بارے میں آگاہی دی جا سکے۔ اس سلسلے میں ان کاشتکاروں اور ڈیلرز حضرات کو ہائی کارن 339 کے کاشت شدہ رقبوں کا دورہ کرایا گیا کہ یہ حضرات خود اپنی آنکھوں سے ہائی کارن کی پیداواری صلاحیت کا مظاہرہ دیکھ سکیں۔ اس موقع پر بزنس کی ٹیم نے انہیں اس بیج کی نمایاں خصوصیات کے حوالے سے خاص طور سے تفصیل سے آگاہی دی۔

بزنس کو امید ہے کہ ملک کے مکئی کے کاشت زدہ علاقوں میں ہائی کارن 339 آئی سی آئی پاکستان کے لیے ترقی کا زینہ ثابت ہوگا۔












اینیمل ہیلتھ ڈویژن

آپ کا مویشی۔آپ کا سرمایہ

# اینیمل ہیلتھ مینوفیکچرنگ پلانٹ




ہمارے اینیمل ہیلتھ کے شعبے نے اپنی پروڈکٹس کی مینوفیکچرنگ کی سہولت حاصل کر لی ہے۔ اس پلانٹ پر نومبر 2015 سے پیداواری عمل شروع ہو چکا ہے۔

انڈسٹری کی بزنس ٹیم کا یہ ایک بہت دیرینہ مطالبہ تھا کہ بزنس کی ترقی اور انڈسٹری کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم اپنی میوفیکچرنگ کی صلاحیت حاصل کریں تا کہ کسٹمرز کو معیار پر سمجھوتہ کیے بغیر جلد سے جلد اس کی ضرورت کی اشیاء مہیا کر سکیں۔ اس کے ساتھ ساتھ مارکیٹ کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے نئی پروڈکٹس بھی بنا سکیں۔ یہ حکمت عملی ہمارے برانڈز کے مارکیٹ شیئر میں اضافے کرے گی اور انہیں ایک نمایاں مقام دلائے گی۔ اس کے علاوہ ہمارے بین الاقوامی پارٹنر بھی ہماری استعداد کو دیکھتے ہوئے ہمیں اپنی پروڈکٹس کی مقامی طور پر تیاری کی اجازت بھی دیں گے۔

یہ پلانٹ دو سیکشنز پر مشتمل ہے۔ ایک رقیق مائع یا سیال اور دوسرا پاؤڈر سیکشن۔ رقیق مائع / سیال سیکشن جو کہ ایم ایس ڈی (MSD) کی اور فارمرز چوائس برانڈز کی پروڈکٹس بنائے گا جبکہ پاؤڈر سیکشن پولٹری پروڈکٹس کی اینٹی بایوٹکس جو کہ فارمرز چوائس برانڈ میں شامل ہیں بنائے گا۔

یہ پلانٹ نہ صرف مقامی مارکیٹ میں ہمارے قدم مضبوط کرے گا بلکہ دیگر مارکیٹوں میں بھی ہمارے لیے نئے دریچے کھولے گا جس کی بدولت ہم سینٹرل ایشاء اور افریقی ممالک کی مارکیٹوں میں بھی قدم رکھ سکیں گے۔

آپ کا مویشی۔آپ کا سرمایہ

# مویشیوں کی مضرِ صحت غذا اور اس کے نقصانات







ہمارے اینیمل ہیلتھ ڈویژن نے ملک کے ڈیری فارمرز کے ساتھ ملاقاتوں میں انہیں اپنے جانور کی صحت اور تندرستی کے حوالے سے مفید مشورے دیئے اور ان کے مسائل سے آ گاہی حاصل کی۔

ان ملاقاتوں کا بنیادی مقصد وانڈا کی افادیت کے بارے میں ڈیری فارمرز کو آ گاہ کرنا تھا۔ انہوں نے ان ملاقاتوں میں ڈیری فارمرز کو بتایا کہ مویشی کے لیے متناسب غذا جس میں بھرپور غذایت ہو کتنی اہم ہے اور غیر مناسب اور مضر صحت غذا کے استعمال سے مویشی کو کن تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے جس کی وجہ سے ڈیری فارمر مشکلات کا شکار ہو جاتا ہے، کیونکہ ہمارا یقین ہے کہ آپ کا مویشی۔ آپ کا سرمایہ ہے۔ آئی سی آئی پاکستان کی اینیمل ہیلتھ ٹیم نے مقامی لائیو اسٹاک آفیسرز اور ڈیری ڈیپارٹمنٹ کے افسران سے بھی ملاقاتیں کیں اور انہیں مویشیوں کے لیے وانڈا برانڈ سے آ گاہی دی۔







اینیمل ہیلتھ ڈویژن

آپ کا مویشی۔آپ کا سرمایہ

# وٹرنری اسٹنٹس کی گریجویشن تقریب

رپورٹ۔ڈاکٹر عمر ستار




لائیو اسٹاک کے شعبے میں وٹرنری اسٹنٹس کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کیونکہ بیماری کی صورت میں جانور کی دیکھ بھال اور اس کے علاج کے دوران ان کا نہایت اہم کردار ہوتا ہے۔گزشتہ دنوں لائیو اسٹاک سینٹر شیخوپورہ میں وٹرنری اسٹنٹس کی گریجویشن کی تقریب منعقد کی گئی۔اس تقریب کے مہمانوں خصوصی سیکرٹری لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ حکومتِ پنجاب ، جناب نسیم صادق تھے۔ ہمارے اینیمل ہیلتھ بزنس نے اس تقریب کے لیے مالی تعاون مہیا کیا تھا۔ جناب نسیم صادق نے اپنے خطاب میں لائیو اسٹاک انڈسٹری میں وٹرنری اسٹنٹس کی اہمیت اور ان کے کردار پر روشنی ڈالی اور مویشیوں کی دیکھ بھال اور ڈیری فارمرز کے لیے کمپنی کی کوششوں کی تعریف کی۔

آپ کا مویشی۔آپ کا سرمایہ

علم و ہنر

# اینیمل ہیلتھ ٹیم کی ٹیکنیکل ٹریننگ

کسی بھی سیلز مین کی کامیابی کا دارو مدار اس کی اپنی پروڈکٹ کے فوائد، استعمال اور اس سے متعلق دیگر معلومات پر ہوتا ہے تا کہ وہ اپنے کسٹمرز کو زیادہ سے زیادہ مطمئن کر سکے اور اپنا کسٹمر بنا سکے۔چنانچہ ہمارے دیگر بزنسز کی طرح اینیمل ہیلتھ ٹیم کی بھی یہ کوشش رہتی ہے کہ ان کی ٹیم کو اپنی پروڈکٹس کے بارے میں مکمل معلومات حاصل ہوں۔خاص طور سے ان لوگوں کو جو کہ ٹیم میں نئے شامل ہوئے ہیں۔

گزشتہ دنوں بزنس ٹیم میں نئے آنے والوں کے لیے بزنس کی پروڈکٹس اور ان کے استعمال ،فوائد سے آگاہی دینے کے لیے ٹریننگ کا اہتمام کیا گیا جس میں انہیں خاص طور پر مویشیوں میں پائے جانے والے جراثیم اور ان سے پیدا ہونے والی بیماریوں ان کا تدارک جس سے کہ مویشی کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ ہو، ہمارے برانڈ فارمرز چوائس کے بارے میں معلومات اور مختلف بیماریوں میں اس کا استعمال وغیر شامل تھے۔

ٹریننگ کے دوسرے دن کا موضوع تھا بیکٹیریا کی وجہ سے پیدا ہونے والی بیماریاں اور وٹامنز۔ پورا ٹریننگ سیشن سوال و جواب پر مشتمل تھا اور اختتامی مرحلے میں ایک مرتبہ پھر سوال و جواب کے ذریعے ہی شرکاء کی معلومات اور یادداشت کا امتحان لیا گیا کہ انہوں نے کتنا سیکھا اور کتنا یاد رکھا۔

یہ تربیتی نشستیں نہ صرف بزنس کی کامیابی میں اہم کردار ادا کرتی ہیں بلکہ ہر فرد کی ذاتی صلاحیتوں میں بھی اضافے کا باعث بنتی ہیں۔





انیمل ہیلتھ ڈویژن

آپ کا مویشی۔ آپ کا سرمایہ

# کراچی ڈیری فارمرز کے لیے خاص وانڈا

رپورٹ ۔ ڈاکٹر عمر ستار

کراچی کی آب وہوا اور موسمی حالات ملک کے باقی حصوں سے نہایت منفرد ہیں جس کے اثرات سے انسانوں کے ساتھ ساتھ مویشی بھی متاثر ہوتے ہیں۔ ان حالات کو دیکھتے ہوئے ہمارے انیمل ہیلتھ کی ٹیم نے کراچی کے ڈیری فارمرز کے لیے خصوصی طور پر تحقیق کر کے خاص وانڈا پیش کیا ہے۔ وانڈا ایک متوازن غذا ہے جو کہ مویشیوں کی غذائی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

سیلز اور ٹیکنیکل ٹیم نے وانڈا کو کراچی میں متعارف کرانے کے لیے ایک حکمت عملی کے تحت ڈیری فارمرز کے ساتھ ملاقاتیں کیں اور انہیں وانڈا چارے کی خصوصیات سے آگاہ کیا اور مارکیٹ میں موجود دیگر چاروں سے وانڈا کا تقابلی جائزہ بھی پیش کیا۔ اس کے ساتھ جو ڈیری فارمرز پہلے ہی سے وانڈا استعمال کر رہے ہیں ان کے مویشیوں کی پیداواری صلاحیت میں اضافے کے بارے میں بھی بتایا۔

ڈیری فارمرز نے وانڈا کے معیار اوراس کی غذائیت پر اپنے اطمینان کا اظہار کیا جس کا ثبوت یہ ہے کہ بہت سے ڈیری فارمرز نے اپنے مویشیوں کی غذا کے لیے وانڈا کا استعمال شروع کر دیا ہے۔ بزنس کو امید ہے کہ یہ مثبت رجحان پروڈکٹ کی قبولیت اور کامیابی میں اہم کردار ادا کرے گا۔














ہمقدم
Published by Corporate Communications & Public Affairs Department
ICI House, 5 West Wharf, Karachi, 74000
Designed by AA Graphics / Printed by Zamzam Enterprises